Tarjihaat
Volume: 1II
Issue: I
June 2022
جنوری ۲۰۲۳
Jan 2023
آن لائن ادبی رسالہ
ترجیحات
ISSN: 2583-0082

ظہیرن عبدالسمیع

نعتِ رسول مقبول ﷺ

اک بار نظرِ کرم ہو پھریا سیدی
مجھ خطاکار پر مجھ گناہ گار پر
لاج رکھنا میری روزِ محشر ذرا
پھنس نہ جائے سفینہ منجھدار میں
پردہ پوشی رہے مجھ شرمسار کی
اک بار نظرِ کرم ہو پھریا سیدی
جب ہو جائے روح میری تن سے جدا
جب آئیں نکیرین قبر پر میری
پھر پوچھیں جب ہے کون رہبر تیرا
اک بار نظرِ کرم ہو پھریا سیدی
ہو عطا نامہ اعمال داہنے ہاتھ میں
گزر جاؤں تیزی سے پل صراط سے
جام ملتے رہیں حوضِ کوثر سے یوں
پیاس بجھتی رہے اس سزاوار کی

اک بار نظرِ کرم ہو پھر یا سیدی

ہو کسی روز پھر سامنے روضہ حسین

وہ مشک سی خاک اور جالیاں سنہری

لب پہ ہو جاری بس درود اور سلام

روتے رہیں دل و جان صبح و شام

اک بار نظرِ کرم ہو پھر یا سیدی

***